ایمن کا بستہ

Author: Mazhar Ahmad
Illustrator: 211 Studio

پڑھنے کا معیار ۲

میں ایمن کا بستہ ہوں۔ میں ایمن کا ساتھی ہوں۔ ایمن کی امّی ہر پل میرا خیال رکھتی ہیں۔ ایمن ایک چھوٹی بچّی ہے۔

ایمن صبح اٹھتی ہے اور اسکول جانے کی تیاری کرتی ہے۔

میں ایک کونے میں موجود اس کی تیاری پر نظر رکھتا ہوں اور من ہی من خوش ہوتا ہوں کہ کچھ ہی دیر بعد میں بھی تیار ہو جاؤں گا۔

ایمن چھوٹی بچّی ہے۔ وہ ہر صبح مجھے اپنی پیٹھ پر لادے اسکول روانہ ہوتی ہے۔ اس کی رفتار سے میرا دل بلیوں اچھلتا ہے۔

گلی میں اس کی کمر کی سواری کرتا ہوں اور بس میں مَیں اس کی گود میں ہوتا ہوں۔ ایمن مجھ سے پیار کرتی ہے۔

اسکول کے رستے میں مجھ سے اور بستے بھی ملتے ہیں۔ ہم ایک
دوسرے کی خیریت معلوم کرتے ہیں اور ہنستے گاتے ہیں، اچھلتے
کودتے بچوں کے ساتھ اسکول جا پہنچتے ہیں۔

ایمن میرے اندر کچھ رنگ برنگی کتابیں، کاپیاں، پنسل، ربر اور
ہاں لنچ بوکس رکھتی ہے۔ اکثر یہ تمام چیزیں الٹ پلٹ جاتی
ہیں۔ لنچ بوکس سے کھانے کی خوشبو آتی رہتی ہے۔

ایمن مجھے اپنے کندھے پر اٹھائے اچھل کود کرتی ہے۔ بھاگتی دوڑتی ہے۔ میں ہر پل اس کا ساتھ دیتا ہوں۔

تفریح کے وقت وہ مجھے کلاس میں اکیلا چھوڑ جاتی ہے۔ تب میرا دل بہت گھبراتا ہے۔ مگر میرے آس پاس ایمن کی سہیلیوں کے بستے بھی ہوتے ہیں۔ ایسے میں ہم آپس میں باتیں کرتے ہیں۔ہنستے گاتے ہیں، مگر میرا دل ایمن میں ہی لگا رہتا ہے۔

چھٹی کے وقت ایمن میری کافی درگت بناتی ہے۔ چھٹی کی
خوشی میں سارا سامان مجھ میں ٹھونس ٹھونس کر اسکول سے جلد
از جلد گھر پہنچنا چاہتی ہے۔ اس کی بھاگ دوڑ اور اچھل کود
سے میرا سانس بے قابو ہو جاتا ہے۔

گھر آکر وہ مجھے ایک کونے میں ڈال کر بھول جاتی ہے اور میں اسے دور سے دیکھا کرتا ہوں۔

جیسے جیسے ایمن بڑی ہوتی جاتی ہے ویسے ویسے میرا وزن بھی بڑھتا
جاتا ہے۔ ایمن میرے بوجھ سے دبی جاتی ہے۔
کاش کوئی مجھے اور ایمن کو اس بوجھ سے آزاد کرادے۔

Story Attribution:

This story: ایمن کا بستہ is written by Mazhar Ahmad . © Pratham Books , 2016. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Other Credits:

'Aiman ka Basta' has been published on StoryWeaver by Pratham Books. The development of this book has been supported by P.A.N.I. Foundation. www.prathambooks.org

Images Attributions:

Cover page: A girl waving goodbye to the bus driver after school, by 211 Studio © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: A mother waking up a child in the morning , by 211 Studio © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: A girl struggling to wear her socks for school, by 211 Studio © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: A mother waving her daughter goodbye as she leaves for school, by 211 Studio © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: Children sitting in a bus and talking, by 211 Studio © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: School bags sitting together and smiling , by 211 Studio © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: A tiffin box being taken out of a school bag, by 211 Studio © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: Two girls skipping and hopping back home after school, by 211 Studio © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: School bags sitting in the class room sadly while the students have fun outside, by 211 Studio © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: School children running and shouting with joy, by 211 Studio © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 11: Girl being put to sleep by mother, her school bag smiling, by 211 Studio © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

(Urdu)

میں پیاری سی ایمن کا ساتھی ہوں۔ ہردم اس کے ساتھ نظر آتا ہوں۔ وقت کے ساتھ ساتھ ہم دونوں بڑے ہو رہے ہیں۔ میری اور ایمن کی دوستی کی یہ پیاری سی کہانی پڑھیے۔

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.